© rasailojaraid.com



# دینی مدارس و جامعات میں محدث کی پذیرائی

اہل علم و دانش ماہنامہ محدث کے علمی و تحقیقی معیار کی وجہ سے اس کا مطالعہ بڑے ذوق وشوق سے کرتے ہیں اور دینی مدارس اور جامعات کے طلباء واساتذہ بھی اس میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ گزشتہ سال بعض دینی مدارس کے طلبا اور اساتذہ نے محدث کا خریدار بننے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، بالخصوص درج ذیل مدارس کے فاضل اساتذہ نے طلبہ کو اس کے مطالعے کی ترغیب دلانے میں اہم کردار ادا کیا:

- مولانا عبدالرحمٰن چیمہ — شیخ الحدیث دارالحدیث محمدیہ، لودھراں
- مولانا محمد رفیق اثری — شیخ الحدیث دارالحدیث محمدیہ، جلال پور پیروالا
- مدیر جامعہ سلفیہ اسلام آباد
- مدیر دارالعلوم محمدیہ لوکو ورکشاپ، لاہور
- مولانا ریاض احمد سلفی — مرکز الدعوۃ السّلفیہ ستیانہ بنگلہ، فیصل آباد

اہم دینی مدارس کے طلبہ میں محدث بڑی تعداد میں خرید کر بھی پڑھا جاتا ہے جن میں جامعہ سلفیہ فیصل آباد، جامعہ ابی بکر الاسلامیہ کراچی، دارالعلوم محمدیہ شیخوپورہ، المعهد العالي للدعوة الإسلامية، مریدکے اور جامعہ ستاریہ کراچی وغیرہ بطورِ خاص شامل ہیں۔

**ان مدارس میں خریدار طلبہ کی تعداد حسبِ ذیل رہی:**

جامعہ سلفیہ اسلام آباد میں ۶۲ ...... مرکز الدعوۃ السّلفیہ ستیانہ بنگلہ، فیصل آباد میں ۵۷ ...... دارالعلوم محمدیہ لوکوورکشاپ لاہور میں ۳۳ ...... دارالحدیث محمدیہ لودھراں میں ۲۸ ...... المعهد العالي للدعوة الإسلامية مریدکے میں ۳۸ اور جامعہ لاہور الاسلامیہ، لاہور میں ۱۲۳

مدارس کے ان طلبہ کا ماہنامہ محدث پر یہ حسن اعتماد جہاں ہمارے لئے انتہائی اطمینان کا باعث ہے، وہاں ہم اپنے فاضل اساتذہ کرام کے حسن ظن اور سرپرستی پر انتہائی شکر گزار ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اخلاص سے اپنے دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائیں۔

**طلبہ کے لئے ماہنامہ محدث کا رعایتی زرِ سالانہ صرف ۱۰۰ روپے ہے**

**محدث ایک دینی علمی تحریک ہے، اس کو پھیلانے میں مدد کرنا کارِ ثواب ہے!!**



© rasailojaraid.com